Williamsville Central Schools
Encouraging · Nurturing · Challenging

**Darren J. Brown-Hall**
*Superintendent of Schools*
dbrown-hall@williamsvillek12.org

27 جنوری، 2022

ولیمز ویلے سنٹرل اسکول ڈسٹرکٹ کے محترم اہل خانہ،

Buffalo Homecare کے ساتھ شراکت میں، بروز پیر، 31 جنوری، 2022 سے آغاز کر کے، ڈسٹرکٹ **ایسے طلباء اور عملے کے لیے اپنے ٹیسٹ ٹو اسٹے (TTS) پروگرام کو نافذ کرنا شروع کرے گا جن کی مکمل ویکسینیشن نہیں ہوئی ہے اور جن کی شناخت اسکول کی سیٹنگ** (جیسے کہ کلاس روم، کیفیٹیریا، نقل و حمل) میں COVID-19 مثبت لوگوں کی زد میں آنے کے بعد **قریبی رابطے کے طور پر ہوئی ہے۔** ہمیں یقین ہے کہ اس پروگرام سے تدریس کی حفاظت کرنے اور شخصی تدریس کو برقرار رکھنے میں مدد ملے گی۔

یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ ٹیسٹ ٹو اسٹے ایک **اختیاری پروگرام ہے۔ جانچ اسکول کے دن کی شروعات سے قبل Amherst Youth & Recreation's Williamsville Youth & Family Center (5005 شریڈن ڈرائیو) میں انجام دی جائے گی۔**TTS پروگرام طلباء اور عملے کو تدریسی دن کے دوران قرنطینہ میں جانے کے بجائے اسکول جانے کی اجازت دے گا **بشرطیکہ وہ علامت سے پاک ہوں** اور TTS کے رہنما خطوط کی پابندی کرتے ہوں۔

TTS پروگرام کے سلسلے میں انتہائی تازہ ترین اور درست معلومات فراہم کرنے میں مدد کے لیے، ڈسٹرکٹ نے ٹیسٹ ٹو اسٹے معلوماتی صفحہ تیار کیا ہے:WCSD ٹیسٹ ٹو اسٹے پروگرام۔ اس صفحہ میں TTS پروگرام کو اچھی طرح سمجھنے میں مدد کے لیے ٹیسٹ ٹو اسٹے سے متعلق اکثر پوچھے جانے والے سوالات کی دستاویز، جانچ کے مقام، اور دوسری بصری چیزوں سے متعلق معلومات موجود ہیں۔

یاد دہانی کے طور پر، Erie County Department of Health (ECDOH) کی وضاحت کے مطابق، مکمل طور پر ویکسین شدہ افراد، اور مثبت فرد سے رابطے میں آنے کی آخری تاریخ کے بعد سے 90 دنوں کے اندر جن کی جانچ مثبت آئی ہے، انہیں قرنطینہ میں رہنے کی ضرورت نہیں ہے۔

TTS میں شرکت کرنے کے لیے منظوری فارم کو WITS پر پُر کیا جا سکتا ہے۔ والدین/ سرپرست کے لیے منظوری دینا اور جانچ کے لیے اپنے بچے (بچوں) کے ساتھ آنا ضروری ہے۔ حالانکہ TTS پروگرام کا مقصد قرنطینہ کے 5 دنوں کی مدت کے اندر افراد کی **کم سے کم 2** بار جانچ کرنا ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ افراد کی شناخت اکثر ان کے مثبت فرد سے رابطے میں آنے کے کئی دونوں کے بعد ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر، اسکول کی سیٹنگ میں، جمعرات کو آخری بار اس کی زد میں آنے کے بعد، قریبی رابطے کی شناخت پیر کو ہو سکتی ہے۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ جمعرات "دن 0" اور پیر "دن 4" ہے، تو جانچ انجام دیے جانے کا پہلا دن منگل ہو گا، جو کہ "دن 5" ہو گا۔ اضافی تناظر کے لیے، براہ کرم TTS قرنطینہ اور جانچ کی وضاحت والی دستاویز ملاحظہ کریں۔

TTS میں شرکت کرنے والے طلباء اور عملے کے اراکین کی جانچ کے منفی نتائج جانچ کے تفویض کردہ دن پر **اسکول آنے سے قبل حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔** اگر فرد کی جانچ ان کے تفویض کردہ جانچ کے دن پر نہیں ہوتی ہے تو، وہ اس دن اسکول جانے کے اہل نہیں ہوں گے۔

Phone: (716) 626-8000
Fax: (716) 626-8089

105 Casey Road,
P.O. Box 5000, East Amherst, NY
14051-5000

www.williamsvillek12.org
@WCSD_K12
@WCSDK12

Williamsville Central Schools
Encouraging · Nurturing · Challenging

**Darren J. Brown-Hall**
*Superintendent of Schools*
dbrown-hall@williamsvillek12.org

جن دنوں میں فرد کی جانچ طے نہیں کی گئی ہے ان دنوں میں وہ اسکول جانے کے اہل ہیں بشرطیکہ وہ علامت سے پاک ہوں۔ جن دنوں میں طالب علم کی جانچ نہیں کی جاتی ہے، ان دنوں میں وہ بس میں سوار ہونے کے اہل ہیں، تاہم والدین سے پُر زور سفارش کی جاتی ہے کہ وہ TTS میں شرکت کرنے والے طلباء کو روزانہ نقل و حمل فراہم کرنا جاری رکھیں۔ اگر قرنطینہ کا دن 5 ہفتہ وار تعطیل پر یا غیر-اسکولی دن میں پڑتا ہے تو، افراد کو اگلے اسکول کے دن صبح کے وقت جانچ کروانے کی ضرورت ہے۔

اگر طالب علم یا عملے کے رکن میں علامت پائی جاتی ہیں تو، شخصی تدریس کو دوبارہ شروع کرنے کے لیے علیحدگی اور اسکول واپس جانے سے متعلق تمام رہنما خطوط کی تکمیل کی جانی چاہیئے۔ اگر طالب علم یا عملے کے رکن کی COVID-19 کی جانچ مثبت آتی ہے تو، انہیں علیحدہ رہنے اور اسکول واپسی سے متعلق تمام رہنما خطوط کی پیروی کرنے کی ضرورت ہے۔

اس پروگرام میں شرکت کرنے کے لیے اہل ہونے پر، براہ کرم ان مواد پر نظرثانی کرنے، اپنے بچے (بچوں) کے لیے منظوری فارم کو مکمل کرنے، اور کوئی بھی سوالات درپیش ہونے پر ہم سے رابطہ کرنے کو یقینی بنائیں۔

چونکہ رہنمائی میں تبدیلی ہوتی رہتی ہے، ہم آپ کے ساتھ ان معلومات کا ممکنہ حد تک تیزی سے اشتراک کرنے کے لیے تندہی کے ساتھ کام کریں گے۔

مخلص،

Darren J. Brown-Hall

ڈاکٹر ڈیرن جے۔ براؤن-ہال (Dr. Darren J. Brown-Hall)
مہتمم برائے اسکول

Phone: (716) 626-8000
Fax: (716) 626-8089

105 Casey Road,
P.O. Box 5000, East Amherst, NY
14051-5000

www.williamsvillek12.org
@WCSD_K12
@WCSDK12